چمنستان

ظفر علی خاں

پبلشرز یونائیٹڈ، چوک انارکلی لاہور

بار اول ——— ۲۰۰۰

قیمت ——— پانچ روپے

سنہ ۱۹۴۴ء

شیخ محمد نصیر ہمایوں سکرٹری پرنٹرز و پبلشرز نے مرکنٹائل پریس لاہور میں
چھپوا کر پبلشرز یونائیٹڈ لاہور سے شائع کی۔

(۲۲۰)

جلالۃ الملک عبد العزیز ابنِ سعود

حرم والوں کی جمعیت پریشاں ہو نہیں سکتی
کہ ہر اس دور میں شیرازہ بند ابنِ سعود اُس کا

پسند آیا ہی ربِّ کعبہ کو پانچوں نمازوں میں
قیام اُس کا قعود اُس کا رکوع اُس کا سجود اُس کا

روایاتِ سلف میں جان ڈالی اُس کے ایماں نے
دلیلِ آخریں ہے صدرِ اوّل کی وجود اُس کا

وہ ہی جس پیر دہ صد سالہ دولت کے امینوں میں
مقدّر ہو چکا ہے روزِ اوّل سے خلود اُس کا

عرب کو ایک مرکز پر سیادت لائے گی اُس کی
علم لہرائے گا اُس کی فضا پر دیر و زود اُس کا

نشاں بردارِ حق ہو کر وہ ٹکرایا ہی باطل سے
لرز جاتے ہیں سن کر طنطنہ گبر و یہود اُس کا

شریعت کی نگہبانی ہوئی ہو جس کو ارزانی
نہ کیوں پھر ساتھ دے ہر حال میں ربِّ ودود اُس کا

لاہور۔ ۱۲۔ دسمبر ۱۹۴۰ء